کل نمبر: 100 پرچہ IV-1-N: اسلام اور جدید مغربی فکر وقت: 3 گھنٹے

نوٹ: کل پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ بقیہ سوالات میں سے چار جواب کے لئے منتخب کریں۔

سوال 1: درج ذیل میں سے کوئی سے دس سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے:

-1 مغربی فکر کی تشکیل میں کارفرما کوئی سے دو اہم عناصر کا نام لکھیں۔
-2 روم کے کس بادشاہ نے سب سے پہلے مسیحیت قبول کی؟
-3 ''اسلام اور جدید مادی افکار'' کس کی تصنیف ہے؟
-4 ''اسلام اور مغرب کی کشمکش'' کس مشہور یورپی مسلمان کی کتاب کا ترجمہ ہے؟
-5 ایڈورڈ سعید کی کسی معروف کتاب کا نام لکھیں۔
-6 انگریزی زبان میں قرآن کے کسی غیر مسلم مترجم کا نام لکھئے۔
-7 کتاب ''الحاد مغرب اور ہم'' کے مصنف کا نام بتائیں۔
-8 مسلمانوں کے سائنسی کارناموں کے اعتراف میں کسی ایک مغربی کتاب کا نام لکھئے۔
-9 مغربی فکری یلغار کا علمی مقابلہ کرنے والے برصغیر کے کوئی سے دو مسلم اہل علم کے نام لکھیں۔
-10 کیا روشن خیالی کا تصور اسلامی تعلیمات کے ساتھ ہم آہنگ ہے؟
-11 نیو ورلڈ آرڈر سے کیا مراد ہے؟
-12 NGO کن الفاظ کا مخفف ہے؟
-13 تہذیب مغرب کے رد میں علامہ اقبال کا کوئی ایک شعر لکھیں۔
-14 کسی مستشرق کی معروف کتاب کا نام لکھیں۔
-15 تحریک اصلاح مذہب (Reformation Movement) کے بانی کون تھے؟

سوال 2: تحریک استشراق سے کیا مراد ہے؟ مستشرقین کی حکمت عملی پر بحث کریں۔

سوال 3: علم حدیث کے حوالے سے مستشرقین کا خاص مطالعہ کیا ہے؟ دلائل کی روشنی میں جائزہ لیجئے۔

سوال 4: تحریک الحاد و دہریت نے مغربی تہذیب و فکر پر کیا اثرات مرتب کئے ہیں؟

سوال 5: مسلمانوں کے سائنسی کارناموں سے متعلق اہل مغرب کا رویہ کیسا رہا ہے؟ تاریخی حقائق کی روشنی میں اپنی رائے پیش کیجئے۔

سوال 6: اسلام میں عورت کے مقام و مرتبہ سے متعلق اہل مغرب کے خیالات کا مطالعہ پیش کریں۔

سوال 7: برصغیر کے اہل علم نے مستشرقین کے مطالعہ اسلام کو کس نظر سے دیکھا ہے؟ جامع تذکرہ لکھئے۔

سوال 8: مکالمہ بین المذاہب مختلف مذاہب میں قربت کا سبب بن سکتا ہے۔ تائید یا مخالفت میں اپنی رائے دلائل کی روشنی میں پیش کیجئے۔

سوال 9: درج ذیل عناوین میں سے دو پر نوٹ لکھیں:

(الف) سیکولرازم (ب) تحریک مادیت اور اس کے اثرات (ج) لبرل ازم

www.ilmkidunya.com